فوری ریلیز کے لیے: 2024/24/7 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے آتشزدگی سے محفوظ بیٹری ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہوئے توانائی کی طویل مدتی اسٹوریج کے مظاہرے کا اعلان کیا ہے

نیو یارک پاور اتھارٹی، راکلینڈ کاؤنٹی میں موجود اربن الیکٹرک پاور اور ERPI آتشزدگی سے محفوظ اسٹوریج ٹیکنالوجی کی موزونیت ظاہر کرنے کی خاطر ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں اور SUNY اونیونٹا پر سہولت گاہیں تخلیق کریں گے

امریکی محکمۂ توانائی کی فنڈنگ نئی ٹیکنالوجی کو بڑھائے گی، الیکٹرک گرڈ پر قابلِ تجدید توانائی کے وسیع تر استعمال کی معاونت کرے گی

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک ایک ایسے طویل مدتی توانائی کی اسٹوریج کے مظاہرہ جاتی پروجیکٹ کے لیے امریکی محکمۂ توانائی (U.S. Department of Energy, DOE) کی فنڈنگ استعمال کرے گی کہ جو آتشزدگی سے محفوظ بیٹری ٹیکنالوجی بروئے کار لائے گا۔ اس ٹیکنالوجی کو شہری اور دیہی مقامات پر زائد طلب اور شدید موسمی حالات میں توانائی کی مستحکم فراہمی کا مظاہرہ کرنے کی خاطر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ آج کا اعلان موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ (Climate Leadership and Community Protection Act) کے اہداف کی معاونت کرتا ہے اور یہ 2030 تک توانائی کی اسٹوریج میں چھ گیگاواٹ کے قومی سطح کے سرِفہرست اضافے کے حصول کی جانب پیشرفت کی بھی علامت ہے۔

"توانائی کی اسٹوریج کہ جو ایک محفوظ اور پائیدار پاور سپلائی کو یقینی بنائے، نیو یارک کے صاف توانائی کے مستقبل کی خاطر نہایت ضروری ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "صفِ اوّل کے پروجیکٹس—جیسا کہ اِن تنصیبات کی معاونت کر کے کہ جو اسٹوریج کا توسیع شدہ دورانیہ فراہم کرتی ہیں—ہم نئی ٹیکنالوجیز کی توثیق کریں گے اور ظاہر کریں گے کہ گرڈ اسٹوریج کو کیسے ریاست بھر میں کمیونٹیز کے اندر موثر طور پر ضم کیا جا سکتا ہے۔"

یہ پروجیکٹ نیو یارک پاور اتھارٹی (New York Power Authority, NYPA)، راکلینڈ کاؤنٹی میں موجود اربن الیکٹرک پاور (Urban Electric Power, UEP) اور الیکٹرک پاور ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (Electric Power Research Institute, EPRI) کی جانب سے ایک تنصیب ولہالا میں ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے گراس لینڈز ریزرویشن پر اور دوسری تنصیب ریاستی یونیورسٹی برائے نیو یارک (State University of New York, SUNY) کے اونیونٹا کیمپس میں کر کے تخلیق کیا جائے گا۔

اس پروجیکٹ کو DOE کی جانب سے موثر طویل مدتی توانائی کی اسٹوریج (long-duration energy storage, LDES) کے 10-24 گھنٹے بجلی فراہم کرنے کے قابل مظاہرہ جاتی پروجیکٹس کی استعداد کو مزید بڑھانے کے ارادے سے فنڈنگ حاصل کرنے کے لیے منتخب کیا گیا ہے، یوں اُن روایتی قلیل مدتی نظاموں سے آگے بڑھا جائے گا کہ جنہیں لیتھیئم-آئن عموماً معاونت دیتے ہیں۔ 6.5$ ملین سے زائد کا فنڈنگ ایوارڈ 13.1$ ملین لاگت کے پروجیکٹ کی نصف لاگت کا احاطہ کرے گا اور اِسے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری اور ملازمتوں کے ایکٹ (Infrastructure Investment and Jobs Act) کی وساطت سے ممکن بنایا گیا تھا۔

ملک کی سب سے بڑی ریاستی یوٹیلیٹی، پاور اتھارٹی، نے صاف توانائی کی ٹیکنالوجیز میں مہارت کا مظاہرہ کیا ہے اور یہ UEP کے ساتھ شراکت داری کرے گی، جو کہ پرل ریور میں قائم ایک بیٹری مینوفیکچرر ہے، تاکہ وسیع پیمانے پر اختیار

کاری کے حصول میں حائل تکنیکی و ادارہ جاتی رکاوٹوں پر قابو پانے میں LDES نظاموں کی مدد کر سکے۔ ایک آزاد، غیر منافع بخش توانائی کی تحقیق و تخلیق کاری (research and development, R&D) کی تنظیم، EPRI، ٹیکنالوجی استعداد، حفاظتی جانچ، ٹیسٹ پروٹوکول کی تخلیق کاری، تکنیکی اقتصادی تجزیہ کاری، آپریشنز منصوبہ اور کمیونٹی کے فوائد کے منصوبے پر تکنیکی و صنعتی مہارت اور رہنمائی فراہم کر رہا ہے۔

نیو یارک پاور اتھارٹی کے صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا، "پاور اتھارٹی ایسی ٹیکنالوجی کی تخلیق کاری کی راہ پر چلنے کے لیے وقف ہے کہ جو قابلِ تجدید تشکیل کاری کے انضمام کو معاونت دینے کے ساتھ یہ بھی یقینی بنائے گی کہ زائد طلب کے اوقات میں بجلی دستیاب رہے۔ اس جدید، طویل مدتی توانائی کی اسٹوریج کے پروجیکٹ کا مقصد ایک محفوظ تر صاف توانائی کی ٹیکنالوجی کا مظاہرہ کرنا ہے، جس سے قابلِ تجدید وسائل کی جانب منتقلی میں تیزی لانے اور صارفی ضروریات اور کمرشل موزونیت کی توثیق میں ریاست نیو یارک کی قیادت کھُل کر سامنے آئے گی۔"

اربن الیکٹرک پاور کے CEO Sanjoy Banerjee نے کہا، "اپنی طرز کے اِن نئے پروجیکٹس کے لیے توانائی کی اسٹوریج کا سلوشن فراہم کرنا اعزاز کی بات ہے۔ چونکہ طویل مدتی توانائی کی اسٹوریج کا مطالبہ بڑھ رہا ہے، تو UEP کی اختراعی زنک-مینگانیز ٹیکنالوجی ایک موثر لاگتی اور محفوظ متبادل کے طور پر ابھر کر سامنے آتی ہے۔ یہ پروجیکٹس نیو یارک کے الیکٹریکل گرڈ میں لچک کو بڑھانے والے اور توانائی کے مستحکم منظرنامے کی جانب زنک بیٹریز کے اہم کردار کو ظاہر کرنے والے ہیں۔"

الیکٹرک پاور ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے نائب صدر برائے انٹیگریٹڈ گرڈ اینڈ انرجی سسٹمز Daniel Brooks نے کہا، "EPRI عرصۂ دراز سے بیٹری توانائی اسٹوریج کے تحفظ کی تحقیق اور صارفین کو پائیدار، مستحکم توانائی فراہم کرنے کی کوششوں میں صفِ اوّل میں رہا ہے۔ شدید موسم اور زائد طلب کے مواقع کے دوران پائیدار پاور فراہم کرنے کی کوششوں پر اشتراک کاروں کے ساتھ کام کرتے ہوئے، ہم اس پروجیکٹ میں شرکت کرنے کی توقع کرتے ہیں۔"

مختلف جغرافیائی مقامات میں مختلف لوڈ خصوصیات کے لیے موزونیت کا مظاہرہ کرنے کے لیے ریاست نیو یارک میں دو علاقائی طور پر متنوع سائٹس پر ٹیکنالوجی کو نصب کیا گیا ہے۔ ہر نظام 300 کلوواٹس کا ہو گا جس کے اوقاتِ کار 12 گھنٹے یا اس سے زائد ہوں گے اور پیک شیونگ سے طلب کے چارج کی تخفیف کے ذریعے یہ الیکٹرک بلز میں کمی لانے کا امکان بھی پیش کرتا ہے۔ SUNY اونیونٹا پروجیکٹ آنے والے آن سائٹ سولر پروجیکٹ کی بھی معاونت کرے گا، یوں کیمپس کے طویل مدتی صاف توانائی کے منصوبوں کے حصول میں مدد دے گا۔ ہر کیمپس پر بعینہٖ سائٹ مقام کا تعین کام کے پہلے مرحلے کے حصے کے طور پر کیا جائے گا۔ تعمیر کا آغاز 2026 سے ہو گا اور سہولت گاہیں 2028 میں فعال ہوں گی۔

پاور اتھارٹی مظاہرہ جاتی سائٹس کے قریب مقیم پسماندہ وسائل کی حامل کمیونٹیز کے لیے توانائی کی تعلیم کے آؤٹ ریچ پروگرامز کے ساتھ اسٹوریج پروجیکٹس کو معاونت دے گی۔ NYPA، اپنے قائم شدہ ماحولیاتی انصاف کے پروگرام کے ذریعے، کمیونٹی فوائد کے منصوبے کی معاونت کرے گا جو کہ تعلیمی پروگرامنگ پر مرکوز ہو گا، اور STEM، کریئر اور کالج کی مستعدی، اور توانائی کی اسٹوریج پر توانائی کی آگاہی کی ورکشاپس برائے بالغ افراد فراہم کرے گا۔ مقامی اسکولز، حکومتوں، یونیورسٹیز، کمیونٹی کالجز، اور کمیونٹی تنظیموں پر مشتمل ایک کمیونٹی اسٹیک ہولڈر عمل کاری گروپ قائم کیا جائے گا۔ عمل کاری گروپ اُن پروگرامز کی تخلیق و تعیناتی کے عمل کو چلائے گا کہ جو محروم طبقات کو ترجیح دیں گے۔

DOE کے مطابق، آج کی توانائی کی اسٹوریج کی ٹیکنالوجیز خاطرخواہ متناسب یا حسبِ استطاعت نہیں ہیں کہ الیکٹرک گرڈ پر قابلِ تجدید توانائی کے وسیع استعمال کو معاونت دے سکیں۔ سستی طویل مدتی توانائی کی اسٹوریج گرڈ کی پائیداریت اور لچک کو بڑھا سکتی ہے تاکہ صاف، پائیدار، سستی بجلی ہر ایک کو میسر ہو۔ منتخب کردہ پروجیکٹس ایک دہائی کے اندر اسٹوریج کی لاگتوں کو 90 فیصد تک کم کرنے اور صاف توانائی کی مینوفیکچرنگ، تنصیب و تنظیم کاری میں طویل مدتی، اعلیٰ معیار کی ملازمتیں پیدا کرنے کے امکان کو ظاہر کرنے کے DOE کے مملکت بھر کے ہدف کے حصول میں بھی مدد دیں گے۔

چونکہ قابلِ تجدید پاور ذرائع جیسا کہ ونڈ اور سولر ریاست نیو یارک کی بجلی کا ایک روز افزوں حصہ فراہم کرتے ہیں، تو اسٹوریج اُس وقت صاف توانائی کی دستیابی یقینی بنائے گی کہ جب اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہو۔ نیو یارک 2030 تک 6,000 میگاواٹس اسٹوریج کام میں لانے کا ہدف رکھتا ہے اور گزشتہ سال، گورنر Hochul نے بیٹری کے تحفظ کے مسائل کے حوالے سے تجاویز تیار کرنے کی خاطر ایک درون ایجنسی آتشزدگی سے تحفظ کا عمل کاری گروپ طلب کیا۔

زنک بیٹریز: محفوظ اور مقامی طور پر دستیاب
پروجیکٹس وسیع پیمانے اور طویل مدت کے حامل توانائی کے اسٹوریج کے نظاموں میں UEP کی زنک مینگانیز ڈائی آکسائیڈ بیٹریز کی موزونیت کو ظاہر کریں گے۔ بیٹریز کم لاگتی اور بڑے پیمانے پر مقامی سطح پر دستیاب، ایسے وافر ارتھ خام امواد کو استعمال کرتے ہوئے آتشزدگی سے تحفظ کی کیمسٹری کو بروئے کار لائیں گی کہ جو موجودہ سپلائی سے فوری طور پر

فراہم کیے جا سکتے ہیں—اور UEP کے خام مواد کے 75 فیصد سے زائد وینڈرز امریکہ میں موجود ہیں۔ اِن بیٹریز کی وہی کیمسٹری ہے جو گھریلو بیٹریز کی ہوتی ہے اور ان سے تحفظ اور سپلائی چین کے موروثی مسائل کے بغیر لیتھیئم-آئن بیٹریز کے مقابلے کی کارکردگی دِکھانے کی توقع کی جاتی ہے۔

ٹیکنالوجی کے خطرے میں کمی کو ثابت کر کے اور تخفیف شدہ زائد طلب کے لوڈ کے ذریعے گرڈ کے تنظیمی ڈھانچے پر طلب کو کم کر کے، ایک کامیاب مظاہرہ UEP کی ٹیکنالوجی مارکیٹ سطح پر اختیار کیے جانے کو ممکن بنا سکتا ہے۔ بیٹریز کو چھوٹے پیمانوں پر اور متعدد توانائی کی اسٹوریج تنصیبات پر کامیابی سے آزمایا جا چکا ہے۔

SUNY چانسلر John B. King, Jr. نے کہا، "SUNY اونیونٹا کو جدید، طویل مدتی توانائی کی اسٹوریج کے اُس مظاہرہ جاتی پروجیکٹ کے لیے دو سائٹس میں سے ایک کے طور پر منتخب ہونے پر ہماری طرف سے مبارکباد، کہ جو آب و ہوا میں استحکام اور طلب کی تنظیم کاری کے فوائد فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ کیمپس کے تقسیمی نظام سے براہِ راست جڑے ہونے کے ناطے یہ پروجیکٹ اس بات کی ایک اور مثال ہی ہے کہ SUNY کیسے ہماری ریاستی اور وفاقی شراکت داروں کے ساتھ اشتراک کر کے ہمارے کیمپسز کو مستحکم طور پر بجلی فراہم کرنے کی جانب نئی راہیں متعین کر رہی ہے، اور نتیجتاً گورنر Hochul اور ریاست نیو یارک کے نہایت عزیز آب و ہوا کے اہداف کو آگے بڑھا رہی ہے۔"

SUNY اونیونٹا کے صدر Alberto J.F. Cardelle نے کہا، "SUNY ریاست نیو یارک اور اس سے باہر بھی ماحولیاتی ویژن کے حاملین کے ساتھ شراکت داری کے لیے پُرعزم ہے۔ اس نئی صاف توانائی کی ٹیکنالوجی کی میزبانی و مطالعے کے لیے ہمارے کیمپس کی خدمات حاصل کرنا ہماری توانائی کی علاقائی ضرورتوں کے متناسب سلوشنز بنانے، ہمارے طلباء کے لیے تعلیمی پروگرامنگ فراہم کرنے، اور موہاک ویلی کے اندر نئی اقتصادی ترقی کی کوششوں میں تیزی لانے کا ایک قیمتی موقع ہے۔ SUNY کی استحکامیتی مشاورتی کونسل کے شریک صدر کے طور پر، میں اِس صفِ اوّل کے اقدام کو سہولت پہنچانے اور اِس کی تعمیر کی خاطر SUNY بھر میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کی توقع رکھتا ہوں۔"

سینیٹ کے اکثریتی رہنما Chuck Schumer نے کہا، "جب بات نیو یارک میں اس طویل مدتی توانائی کی اسٹوریج کے پروجیکٹ جیسی ولولہ انگیز نئی ٹیکنالوجیز کی ہو، تو اُس کا جُزوِ پنہاں ہمارے دوطرفہ بنیادی ڈھانچے اور ملازمتوں کے قانون (Bipartisan Infrastructure & Jobs Law) کی جانب سے وفاقی سرمایہ کاری ہے کہ جو عوامی و نجی سائنس و تحقیق – جیسا کہ NYPA اور راکلینڈ نے بھی کی ہے – اُس کو فروغ دیتی ہے تاکہ بیٹری اور توانائی کی اسٹوریج کی اختراع کو درجۂ کمال پر لایا جائے، صاف توانائی کو توسیع دی جائے اور ملازمتیں پیدا کی جائیں۔ بہتر، زیادہ موثر، محفوظ تر بیٹری اسٹوریج ٹیکنالوجی – کہ جو توانائی کی لاگتوں کو کم رکھنے میں بھی مدد دیتی ہے – نیو یارک کو فاسد معدنی ایندھن پر انحصار کم کرنے میں مدد دے گی، معیشت میں جان ڈالے گی اور آب و ہوا کی تبدیلی کے خلاف جنگ میں معاونت دے گی۔ میں NY کو یہ نمایاں وفاقی سرمایہ کاری فراہم کرنے پر فخر محسوس کرتا ہوں اور میں یہ یقینی بنانے کے سلسلے میں گورنر Hochul کے کام کے لیے اُن کا مشکور ہوں کہ یہ وفاقی فنڈنگ NY کے صاف توانائی کے مستقبل کو تقویت دینے کی خاطر استعمال ہو۔"

اکثریتی رہنما Andrea Stewart-Cousins نے کہا، "جیسا کہ ہم اپنی شدّت پذیر آب و ہوا کے اہداف کی جانب کام جاری رکھے ہوئے ہیں، تو ایسے میں آتشزدگی سے محفوظ بیٹری ٹیکنالوجی استعمال کر کے طویل مدتی بیٹری اسٹوریج کی معاونت کی خاطر امریکی محکمۂ توانائی کی جانب سے یہ گرانٹ، ریاست نیو یارک کے صاف توانائی کے مستقبل کے لیے ناگزیر ہے۔ چونکہ ہم قابلِ تجدید وسائل کی جانب اپنی منتقلی جاری رکھے ہوئے ہیں تو ولہالا میں ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے گراس لینڈ ریزرویشن اور SUNY اونیونٹا میں تنصیبات کے ساتھ، یہ پروجیکٹ طویل مدتی توانائی کی اسٹوریج کی موزونیت کا مظاہرہ کرے گا۔ یہ گرانٹ ہماری کمیونٹی کے اندر صارفین کے لیے بجلی کے بلوں میں کمی کا امکان پیدا کرتی ہے، جو کہ اس وقت ناگزیر ہے کہ جب توانائی کی لاگتیں زیادہ ہیں۔ میں گورنر Hochul اور ہمارے شراکت داروں کو مستحکم توانائی کے سلوشنز کو آگے بڑھانے اور ہماری ریاست کی توانائی کی لچک کو بڑھانے کے سلسلے میں اُن کے عزم پر سراہتی ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Peter Oberacker نے کہا، "امریکی محکمۂ توانائی کی جانب سے اس گرانٹ کے حصول پر نیو یارک پاور اتھارٹی کو بہت مبارک ہو۔ طویل مدتی توانائی کی اسٹوریج کے ذریعے ہماری کمیونٹیز کے لیے گرڈ کی پائیداریت کو بڑھانے کی خاطر یہ ناگزیر اقدام ہے، اور میں SUNY اونیونٹا کیمپس میں پروجیکٹ کی تنصیب کی توقع بھی کرتا ہوں۔"

رکن اسمبلی Didi Barrett نے کہا، "طویل مدتی توانائی کی اسٹوریج کے مظاہرہ جاتی پروجیکٹس کے ضمن میں آج کیا گیا $6.5 ملین سے زائد کی فنڈنگ کا اعلان ہماری صاف توانائی پر منتقلی کو مزید آگے لے جانے کی خاطر ایک اہم قدم ہے۔ آتشزدگی سے محفوظ یہ LDES پروجیکٹس 10-24 گھنٹوں تک بجلی کی فراہمی کی قابلیت کے حامل ہوں گے، جس سے ریاست نیو یارک کو اس وقت کہ جب ہم قابلِ تجدید توانائی کے ذرائع کو توسیع دینا جاری رکھے ہوئے ہیں، گرڈ کی پائیداریت کو

برقرار رکھنے کا موقع ملے گا۔ میں اس اہم پروجیکٹ میں معاونت کے لیے گورنر Hochul اور امریکی محکمۂ توانائی کی شکرگزار ہوں۔"

رکن اسمبلی Brian Miller نے کہا، "امریکی محکمۂ توانائی سے یہ گرانٹ حاصل کرنا ایک نمایاں سنگِ میل ہے۔ ہم نیو یارک پاور اتھارٹی (NYPA)، اربن الیکٹرک پاور (UEP)، اور الیکٹرک پاور ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (EPRI) کے مابین اشتراک کی ستائش کرتے ہیں، جو نہ صرف جدید طرز کی طویل مدتی بیٹری کی اسٹوریج ٹیکنالوجی کو نمایاں کرے گا، بلکہ اختراعی توانائی کے سلوشنز کے نیو یارک کے عزم کا بھی اعادہ کرے گا۔ SUNY اونیونٹا میں ایک تنصیب کی موجودگی کے ساتھ، ہم طویل مدتی توانائی کی اسٹوریج گرڈ لچک میں جو اہم کردار ادا کر سکتی ہے اُس کے مظاہرے پر مبنی، مثال کے ذریعے رہنمائی کرنے کی خاطر تیار ہیں۔"

رکن اسمبلی MaryJane Shimsky نے کہا، "طویل مدتی توانائی کی اسٹوریج نیو یارک کے بلڈ پبلک ری نیوایبلز (New York's Build Public Renewables) قانون کے اہداف کے حصول کی کنجی ہے۔ یہ زائد طلب کو متوازن کر کے ہمارے رہائشیوں کے لیے لاگتوں میں کچھ تخفیفات فراہم کرنے کی خاطر بھی موجود ہے۔ جیسا کہ ہم اپنے سبز توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو ایسے میں گراس لینڈ کیمپس نئی LDES ٹیکنالوجی اور ترقی کی خاطر ایک ماڈل سائٹ کے طور پر کام آئے گا۔ ہمارے علاقے میں اس سرمایہ کاری کے لیے میں گورنر Hochul اور اپنے شراکت داروں کی شکرگزار ہوں۔"

ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے ایگزیکٹو George Latimer نے کہا، "گراس لینڈ ریزرویشن پر اس پروجیکٹ کی میزبانی کر کے، ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی محفوظ تر اور صاف تر توانائی کی جانب ایک قدم اٹھا رہی ہے۔ یہ جدید طرز کا طویل مدتی اسٹوریج کا اقدام قابلِ تجدید وسائل کے ہمارے عزم کی مثال ہے، جو گورنر Kathy Hochul کی کمان میں ریاست نیو یارک کی قیادت کو نمایاں کرتا ہے۔ پاور اتھارٹی، اربن الیکٹرک پاور، اور EPRI کے ساتھ ٹیم بنا کر، ہم اختراع کو آگے بڑھا رہے ہیں، پائیدار پاور کو یقینی بنا رہے ہیں اور ماحولیاتی پیشرفت اور توانائی کی آگاہی کی اپنی لگن کو دہرا رہے ہیں۔ باہم مل کر، ہم اپنی کمیونٹی اور اس سے باہر بھی مستحکم مستقبل تشکیل دے رہے ہیں۔"

سٹی آف اونیونٹا کے میئر Mark Drnek نے کہا، "سٹی آف اونیونٹا کی جانب سے، میں ریاست، SUNY اونیونٹا، اور نیو یارک پاور اتھارٹی کے اس اشتراک کی طاقت پر اپنے جوش و خروش کا اشتراک کرنا چاہتا ہوں۔ طویل مدتی اسٹوریج ایک ایسی توانائی کی استعداد کو یقینی بناتے ہوئے ہمارے شہریوں کو لاگتی بچت کا فائدہ پہنچا سکتی ہے کہ جو ہماری کمیونٹی کو لاتعداد طریقوں سے فائدہ پہنچائے گی۔ یہ عوام کے بھلے کی خاطر شراکت داری کی ایک شاندار مثال ہے، اور ہم اُن سب کے مشکور ہیں جنھوں نے اِسے ممکن کیا۔"

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، نیویارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest program, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک پوری معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ اس منتقلی کا ایک اہم سنگ میل نیو یارک کی صاف توانائی کی بے مثال سرمایہ کاریاں ہیں، جن میں پوری ریاست بھر میں 61 بڑے پیمانے والے قابل تجدید اور ترسیلی پروجیکٹس میں 28$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے مضر اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، سولر کا استعمال بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف ٹرانسپورٹیشن کے اقدامات کے لیے تقریباً 3$ بلین، اور 130 سند یافتہ کلائمیٹ اسمارٹ کمیونٹیز، 500 سے زائد صاف توانائی کی کمیونٹیز، اور ریاست بھر کی 10 غریب و پسماندہ کمیونٹیز میں ریاست کا سب سے بڑا کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ اقدام شامل ہیں، جس کے ذریعے فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے میں بہت مدد ملے گی۔

NYPA کے بارے میں

NYPA ملک میں کسی ریاست کا بجلی کا سب سے بڑا ادارہ ہے، جو 17 پیداواری تنصیبات اور 1,550 سرکٹ میل سے زائد ترسیلی لائنیں چلاتا ہے۔ NYPA جو بجلی پیدا کرتا ہے اس کا 80 فیصد سے زیادہ صاف قابلِ تجدید پن بجلی ہے۔ NYPA اپنے آپریشنز کے لیے بونڈز کی فروخت اور بجلی کی فروخت سے بڑے پیمانے پر حاصل ہونے والے ریونیوز کے ذریعے سرمایہ

کاری کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے www.nypa.gov وزٹ کریں اور ہمیں Facebook، Twitter، Instagram، Tumblr اور LinkedIn پر فالو کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر کے دفتر کی جانب سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ ہوں: 81336 | ny.gov/signup پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں